NYC پبلک اسکولز میں آٹزم کے لیے خصوصی پروگرامز



Nest نیسٹ	Horizon ہورائزن	AIMS
مزید معلومات کے لیے براہِ کرم **NYC پبلک اسکولز کے معذوری کے حامل طلباء کے لیے خصوصی پروگرامز** ملاحظہ کریں۔		
پری اسکول - 12 • کم تعداد والی مشترکہ تدریسی کلاسز (Integrated Co-Teaching - ICT) (ایسی کلاسز جن میں انفرادی تعلیمی پروگرامز [IEPs] رکھنے والے اور بغیر IEPs والے طلباء شامل ہوتے ہیں) • 1 خصوصی تعلیم کے اور 1 عمومی تعلیم کے ٹیچر بطور مشترکہ تدریسی اساتذہ • گریڈ کی سطح کے مطابق نصاب، جس میں آٹزم کے حامل طلباء کے لیے مناسب معاونت شامل ہو۔ • سماجی نشوونما کی مداخلت (Social Development Intervention - SDI) سماجی رابطے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور ہم جماعتوں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے لیے گویائی معالج فراہم کرتا ہے، جبکہ کلاس روم ٹیچر اس کے نفاذ میں معاونت کرتا ہے۔ • والدین کی مشاورت اور تربیت • طلباء چار سال میں ہائی اسکول کی تعلیم مکمل کرتے ہیں، اور ان کی سند یافتگی کی شرح 97٪ ہے۔ (جو شہر بھر کی اوسط شرح سے بلند ہے)	**پری اسکول - 12** • خصوصی کلاس (صرف IEPs کے حامل 8 طلباء کی مختصر کلاس) • ایک خصوصی تعلیم کے اور ایک عمومی تعلیم کے ٹیچر • معاون پیشہ ور • گریڈ کی سطح کے مطابق نصاب، جس میں آٹزم کے حامل طلباء کے لیے مناسب معاونت شامل ہو۔ • Horizon سماجی نصاب برائے سماجی رابطے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور ہم جماعتوں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے لیے، جو گویائی معالج کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے اور کلاس روم ٹیچر اور معاون پیشہ ور کی معاونت سے جاری رہتا ہے۔ • اطلاقی طرز عمل تجزیے (Applied Behavior Analysis - ABA) کے اصولوں کی بنیاد پر طلباء کے لیے تعلیمی، سماجی و جذباتی، اور طرزِ عمل سے متعلق معاونت۔ • والدین کی مشاورت اور تربیت • طلباء چار سال میں ہائی اسکول کی تعلیم مکمل کرتے ہیں، اور ان کی سند یافتگی کی شرح 97% ہے۔ (جو شہر بھر کی اوسط شرح سے بلند ہے)	**پری اسکول - 5** • خصوصی کلاس (صرف IEPs کے حامل 6 طلباء کی مختصر کلاس) • 1 خصوصی تعلیم ٹیچر، 1 گویائی خدمات فراہم کنندہ اور 1 معاون پیشہ ور • گریڈ کی سطح کے مطابق نصاب تک رسائی، مناسب ترامیم کے ساتھ، جس میں انفرادی اور چھوٹے گروپ کی تدریس شامل ہو • لسانی فروغ، عملی رابطے کی صلاحیتوں، روزمرہ زندگی کی سرگرمیوں، ابتدائی تعلیمی، اور سماجی صلاحیتوں پر توجہ • اطلاقی طرزِ عمل کے تجزیے (ABA) کے ذریعے تعلیمی، سماجی و جذباتی، اور طرزِ عمل سے متعلق معاونت، جو کلاس روم کے اساتذہ بورڈ سرٹیفائیڈ طرزِ عمل تجزیہ کار (BCBA) کی نگرانی اور رہنمائی میں فراہم کرتے ہیں • والدین کی مشاورت اور تربیت
بچے کی ضروریات کے مطابق انفرادی گویائی کی تھراپی، پیشہ ورانہ تھراپی، جسمانی تھراپی، اور مشاورتی خدمات کی سفارش کی جا سکتی ہے، جنہیں ہر پروگرام میں فراہم کی جانے والی معاونت کے ساتھ مربوط کیا جاتا ہے۔		

NYC Public Schools

schools.nyc.gov/specialeducation